## اسلامیہ یونیورسٹی بہاول پور کے طلباء وطالبات کے وفد کا دورہ نائن زیرو

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

ان دنوں کراچی کے دورے پر آئے ہوئے اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور کے شعبہ ابلاغ عامہ کے سال آخر سے تعلق رکھنے والے 42 رکنی طلبا وطالبات کے وفد نے جمعرات کی شام متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی رہائشگاہ نائن زیرو اور خورشید بیگم میموریل ہال کا دورہ کیا۔ وفد کی قیادت شعبہ ابلاغ عامہ کے استاد اور اسٹوڈینٹس افیئر کے انچارج محمد شہزاد اور یونیورسٹی کے براڈ کاسٹنگ کے انچارج لیفٹیننٹ (ر) پی این قاضی ایم نعیم نے مشترکہ طور پر کی۔ اس سے قبل قومی اسمبلی میں حق پرست پارلیمانی گروپ کے ڈپٹی لیڈر اور ایم کیو ایم کمیونیکشن اینڈ میڈیا مینجمنٹ ونگ کے ارگنائزر حیدر عباس رضوی نے کراچی پریس کلب جا کر وفد کو خوش آمدید کہا اور انہیں اپنے ہمراہ لیکر نائن زیرو آئے۔ اس موقع ایم کیو ایم میڈیا کمیٹی کے انچارج احمد سلیم صدیقی اور جوائنٹ انچارج سیف عباس اور کراچی پریس کلب کے سیکریٹری کے ایچ خانزادہ بھی موجود تھے۔ بعد ازاں وفد نے ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی اور شعبہ اطلاعات کے مختلف شعبے ویڈیو سیکشن، نیوز سیکشن، فوٹو سیکشن، کمیونیکیشن میڈیا مینجمنٹ ونگ، پبلک سیکریٹریٹ سمیت مختلف شعبہ جات کا دورہ کیا اور وہاں معمول کے تنظیمی کام ہوتے دیکھا اور مختلف سوالات کر کے معلومات حاصل کیں اور ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین کی شخصیت اور ان کے سیاسی اور سماجی کارناموں، ایم کیو ایم کے نظم وضبط اور دیگر عوامی مسائل سے آگاہی حاصل کی۔ اس موقع پر انہوں نے مختلف شعبوں کے کاموں کے طریقہ کار اور نظم وضبط سے آگاہ کیا اور انہیں جدید دور کے تقاضوں کے مطابق جنرلزم کی افادیت اور اس حوالے سے اس شعبے کی اہمیت سے آگاہ کیا۔ وفد کے ارکان اور اساتذہ کرام ایم کیو ایم کے نظم وضبط اور روزمرہ کے کام دیکھ کر انتہائی متاثر نظر آئے اور انہوں نے اس امر کا اعتراف کیا اور کہا کہ ایم کیو ایم واقعی ایک ملک کی منظّم ترین جماعت ہے جہاں نظم وضبط کو بنیادی اہمیت حاصل ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم سے متعلق جو غلط اور بے بنیاد تاثر ہمارے ذہنوں میں زرد صحافت اور زرد سیاست کے ذریعے قائم کیا گیا تھا وہ آج ختم ہوگیا ہے اور اب ہم اس امر کے چشم دید گواہ ہیں کہ پاکستان کے مظلوم محکوم اور مسائل زدہ عوام کو قائد تحریک الطاف حسین اور ایم کیو ایم جیسی رخدمت خلق پر یقین رکھنے والی سیاسی جماعت کی ضرورت ہے۔ وفد نے اپنا زیادہ تر وقت ایم کیو ایم کے کمیونیکیشن اور میڈیا مینجمنٹ میں گزارا اور اس میں گہری دلچسپی لیتے ہوئے ذرائع ابلاغ کے حوالے سے معلومات حاصل کیں۔

## ابراہیم حیدری جمعہ بلوچ گوٹھ کے متعدد بلوچ، سندھی اور بنگالی برادری کے افراد کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت

کراچی۔۔۔3، جولائی 2009ء

ابراہیم حیدری جمعہ بلوچ گوٹھ میں آباد رہائشی بلوچ، سندھی اور بنگالی برادری کے متعدد افراد نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اور نظریئے سے متاثر ہوکر متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔ یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز ایم کیو ایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے تحت بلوچ گوٹھ رابطہ آفس ابراہیم حیدری یونٹ میں منعقدہ اجتماع میں کیا جس میں مختلف قومیتوں سے تعلق رکھنے والے کارکنان اور عوام نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر ایم کیو ایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عارف حیدر اور رکن سید معین الدین بھی موجود تھے۔ متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کرنے والے بلوچ، سندھی اور بنگالی برادری کے افراد نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ملک کی موجودہ نازک صورتحال میں متحدہ قومی موومنٹ واحد جماعت ہے جس کا عمل وکردار انتہائی مثبت رہا ہے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین اور ان کے ساتھیوں نے جس طرح سے نازک حالات ترین حالات میں سازشوں کا پرامن رہ کر مقابلہ کیا ہے اور انہیں ناکام بنایا ہے وہ حق پرستی کی تحریک کی دن دگنی اور رات چوگنی مقبولیت کو ظاہر کرتا ہے اور ہم بھی ملک وقوم کے تحفظ کیلئے متحدہ قومی موومنٹ کے پلیٹ فارم سے جدوجہد کریں گے اور طالبانائزیشن کی سازش کو ناکام بنانے کیلئے اپنا کردار ادا کریں گے۔ قبل ازیں اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے ایم کیو ایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے اراکین نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ 32 سال سے ظلم وناانصافیوں اور استحصال کے خاتمے کی جدوجہد کررہی ہے اور ایسی جدوجہد کسی عبادت سے کم نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم کے ہزاروں کارکنان نے حق پرستی کی راہ میں لازوال قربانیاں پیش کی ہیں اور ان کی قربانیوں کو ہرگز رائیگاں نہیں جانے دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ حق پرستی کی تحریک میں مختلف قومیتوں سے تعلق رکھنے والے افراد کی شمولیت ایم کیو ایم کی مقبولیت کو ثابت کررہی ہے اور ان نام نہاد سیاسی ومذہبی جماعتوں کے جھوٹے اور من گھرٹ پروپیگنڈے کی نفی کررہی ہے جو وہ ایم کیو ایم کیخلاف آئے روز کرتے رہتے ہیں اور اب عوام جان چکے ہیں ایم کیو ایم کو نام نہاد سیاسی ومذہبی جماعتیں ایک سازشی منصوبے کے تحت دیوار سے لگانے کی کوشش کررہی ہیں تاکہ ایم کیو ایم بلاتفریق عوام کی خدمت کا عمل انجام نہ دے سکے۔ انہوں نے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کرنے والے بلوچ، سندھی اور بنگالی برادریوں کے افراد کا زبردست خیر مقدم کیا اور انہیں مبارکباد پیش کی۔

## ایم کیو ایم گڈاپ، کورنگی سیکٹرز اور اے پی ایم ایس او سیکٹر B کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔3، جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم گڈاپ سیکٹر یونٹ مراد میمن گوٹھ کے کارکن زبیر باپڑہ کی والدہ محترمہ نور بی بی، ایم کیو ایم کورنگی سیکٹر یونٹ 69 کے کارکن اصغر قریشی کے بھائی شمشاد محمد قریشی اور اے پی ایم ایس او سیفی ایوننگ یونٹ سیکٹر بی کے کارکن احمد مرزا کے بھائی عامر مرزا کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## سیفی ایوننگ کالج یونٹ سیکٹر بی کے کارکن کے بھائی کے انتقال پر اے پی ایم ایس او کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔3، جولائی 2009ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے چیئرمین وار اکین مرکزی کابینہ نے اے پی ایم ایس او سیکٹر بی سیفی ایوننگ یونٹ کے کارکن احمد مرزا کے بھائی عامر مرزا کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے مشترکہ تعزیتی بیان میں انہوں نے احمد مرزا سمیت مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل کی توفیق عطا کرے۔(آمین)

## حیدرآباد میں بجلی کے مسائل کے حل کیلئے 5 ٹرانسفارمر کی حق پرست اراکین اسمبلی کے فنڈز سے فراہمی کا رابطہ کمیٹی کی جانب سے زبردست خیر مقدم
## حق پرست منتخب نمائندے سرکاری یا نیم سرکاری اداروں کے بھروسہ پر نہ رہیں اور عوامی مسائل اپنے فنڈز اور ذرائع سے حل کرنے کی بھرپور کوششیں جاری رکھیں، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔3، جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے حق پرست اراکین اسمبلی کے فنڈز سے حیدرآباد میں بجلی کے مسائل کے حل کیلئے 5 ٹرانسفارمر لگائے جانے کے فیصلہ کا زبردست خیر مقدم کیا ہے اور اس عمل کو حق پرست قیادت کی جانب سے عوامی مسائل کے حل کیلئے خصوصی دلچسپی اور بلاتفریق خدمت کا شاخسانہ قرار دیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ حیدرآباد میں بجلی کی فراہمی کے متعلقہ ادارے موجود ہیں لیکن حق پرست اراکین اسمبلی کی جانب سے بجلی کے بحران کے حل کیلئے اپنے فنڈز سے 5 ٹرانسفارمر لگوانے کا عمل حق پرست قیادت کی عوامی خدمت کا منہ بولتا ثبوت ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ حق پرست منتخب نمائندے عوامی مسائل کے حل کیلئے سرکاری یا نیم سرکاری اداروں کے بھروسہ پر نہ رہیں بلکہ عوام کے بنیادی مسائل کے حل کیلئے اپنے فنڈز سے ان کے مسائل حل کرنے کی بھرپور کوشش کریں کیونکہ ایم کیو ایم کا مشن، مقصد اور نظریہ عوام کی بلاتفریق خدمت ہی ہے اور عوام کو مشکلات اور پریشانیوں سے نجات دلا کر انہیں معاشرے میں باوقار مقام دلانا ہے۔رابطہ کمیٹی نے حق پرست اراکین اسمبلی کی جانب سے حیدرآباد میں بجلی کے مسائل کے حل کیلئے 5 ٹرانسفارمر کی اپنے فنڈز سے فراہمی کا زبردست خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ حق پرست قیادت عوام کے ووٹوں سے ہی منتخب ہوئی ہے اور ان ووٹوں کا حق ادا کرنا بھی حق پرست قیادت کو آتا ہے اور انشاء اللہ ایک دن ضرور حق پرست قیادت کی عملی کاوشوں سے عوام بنیادی مسائل سے چھٹکارا حاصل کرلیں گے۔

☆☆☆☆☆